**وزارت تعلیم**

وزیر

315 Front Street West
Toronto ON M7A 0B8

**Ministère de l'Éducation**

Ministre

315, rue Front Ouest
Toronto ON M7A 0B8

Ontario

28 اپریل 2020

محترم والدین،

میں خلوص نیت سے امید کرتا ہوں کہ اس غیر معمولی وقت کے دوران آپ، آپ کے بچے، اور آپ کے اہل خانہ محفوظ اور صحت مند ہوں گے۔

ان پچھلے ہفتوں کے دوران، ہماری حکومت دور افتادہ تدریس(گھر سے تعلیم حاصل کرنا) کی طرف منتقلی میں آپ اور آپ کے بچوں کی لگن اورلچک سے متاثر ہوئی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ آسان نہیں تھا، خاص طور پر ان حالات میں جب COVID-19 نے آپ کی زندگیوں اور معاش پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ اپنے طلباء کو ان کے تدریس کے سفر میں مصروف رکھنے کی اہلیت قابل ذکر رہی ہے۔

اونٹاریو کے وزیر تعلیم کی حیثیت سے، میں آپ کو COVID-19 کے اثرات سے متعلق نئی پیشرفت کے بارے میں آگاہ رکھنے کا پابند ہوں، خاص طور پر جب بچوں کی دیکھ بھال، ابتدائی تدریس کے پروگراموں اور موجودہ تعلیمی سال کی کیفیت کی بات ہو۔ ہماری حکومت اس مشکل وقت کے دوران آپ اور آپ کے بچوں کی مدد جاری رکھے گی۔

ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہر بچے اور ہر طالب علم اور ان کی پرورش اور مدد کرنے والے افراد کی سلامتی اور فلاح وبہبود ہے۔ ان-کلاس ماڈل آف لرننگ میں طلباء کا واپس خیر مقدم کرنے کے لیے کسی بھی اختیارات پر غور کرنے میں، ہمارے فیصلے سلامتی، مستقل مزاجی اور صحت عامہ کے حکام کی رہنمائی پر مبنی ہوں گے۔ ہم کلاس روم میں دوبارہ داخل ہونے سے قبل طلباء کی صحت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر اقدامات اٹھانے کو یقینی بنانے کے اپنے عزم میں واضح اور اٹل رہے ہیں۔

اس اصول کو ذہن میں رکھتے ہوئے، ہماری حکومت نے حکم دیا ہے کہ کم از کم 31 مئی 2020 تک صوبے کے تمام سرکاری اسکول طلباء کے لیے بند رہیں گے۔

اونٹاریو کے چیف میڈیکل افسر برائے صحت اور COVID-19 کمانڈ ٹیبل کے ماہرین کا مشورہ ہمارے فیصلے کا باعث رہا ہے۔ اگرچہ صحت عامہ کے ماہرین کے ذریعہ حال ہی میں پیش کردہ نمونے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہم آگے بڑھ رہے ہیں، لیکن ہم COVID-19 کے خلاف اپنی لڑائی کے ایسے مرحلے میں نہیں پہنچے ہیں جہاں طلباء سلامتی اور اعتماد کے ساتھ اپنے کمرہ جماعت میں واپس جا سکیں۔

مجھے معلوم ہے کہ آپ میں سے بہت سے لوگوں کے لیے یہ خبر مایوس کن ہے۔ اونٹاریو کے والدین کی شفقت اور عزم مستقل رہی ہے۔ جب سے ہم نے 12 مارچ کو شخصی تعلیم کو معطل کرنے کا اعلان کیا ہے، ہم نے صوبہ بھر کے والدین سے سنا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ تعلیم کے تسلسل کی حوصلہ افزائی کے لیے کس طرح اپنی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ والدین اور اہل خانہ سکون کا ایک ناقابل یقین وسیلہ رہے ہیں کیونکہ اس عالمی وبا پر بچے منفرد انداز سے رد عمل ظاہر کرتے ہیں۔

.../صفحہ2

اسکول کی بند ش کی شروعات سے ہی، تدریس کے تسلسل کے لیے ہمارا منصوبہ نمایاں طور پر اور کامیابی کے ساتھ بتدریج آگے بڑھا ہے۔ ابھی حال ہی میں ہم نے صوبے میں اساتذہ کی زیر قیادت تعلیم کو دوبارہ متعارف کرایا ہے اور طلباء کو اب تعلیم جاری رکھنے کے لیے کام اور وسائل تفویض کیے جا رہے ہیں۔

اس منصوبے کے ایک حصہ کے طور پر، ہم نے تدریسی مواد اور آپ کے بچے کے استاد کے ذریعہ تفویض کردہ کام کی بنیاد پر متعلقہ ہفتے میں طالب علم کے کام کے وقت کے مطابق توقعات کا ایک خاکہ تیار کیا ہے۔ میں اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ موجودہ وبا کی وجہ سے کسی بھی طالب علم کی گریجویشن خطرے میں نہیں پڑے گی۔

ہماری حکومت نے ہدایت کے لیے مندرجہ ذیل کم از کم تجویز کردہ معیار کا تعین کیا ہے:

- کنڈرگارٹن سے گریڈ 3 تک: خواندگی اور ریاضی پر توجہ دینے کے ساتھ، ہر ہفتہ فی طالب علم پانچ گھنٹے کام؛
- گریڈ 4 سے 6 تک: ریاضی، خواندگی، سائنس اور سوشل سائنس پر توجہ دینے کے ساتھ، ہر ہفتہ میں پانچ گھنٹے کام؛
- گریڈ 7 سے 8 تک: ریاضی، خواندگی، سائنس اور سوشل سائنس پر توجہ دینے کے ساتھ، ہر ہفتہ میں 10 گھنٹے کام؛ اور،
- گریڈ 9 سے 12 تک: سیمسٹر والے طلباء کے لیے ہر ہفتہ میں فی کورس تین گھنٹے کام، اور غیر سیمسٹر والے طلباء کے لیے ہر ہفتہ میں فی کورس 1.5 گھنٹے کام، جس میں کریڈٹ جمع کرنے اور گریجویشن پر توجہ دی جائے گی۔

اگرچہ یہ بات قابل فہم ہے کہ اس عرصے کے دوران تعلیمی تجربات میں فرق پائے جائیں گے، لیکن میری توقع یہ ہے کہ تمام طلباء کی ان کے اساتذہ اور دیگر تعلیمی کارکنان مدد کریں گے اور انہیں مصروف رکھیں گے۔ ہم اساتذہ کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنھوں نے ان غیر معمولی حالات کو قبول کیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے طلباء کو سبقت لے جانے اور اپنی صلاحیتوں کو بہتر کرنے کا ہر موقع ملتا رہے۔ اگر آپ کو تفویض کردہ کام کی کفایت یا بہتر رابطے سے متعلق خدشات ہیں، تو آپ کو اپنے پرنسپل یا اسکول بورڈ سے رابطہ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ہم اس وبا کے دوران اس بات کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارے طلباء کو معیاری تدریس کا تجربہ حاصل ہو۔

آپ کے بچوں کے لیے تدریسی وقت کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے، ہم بقیہ پیشہ ورانہ سرگرمی (PA) اور امتحان کے دنوں کو تدریسی وقت میں تبدیل کر رہے ہیں۔ اس سے یہ بات یقینی ہو پائے گی کہ آپ کے بچے اس تعلیمی سال کے دوران زیادہ سے زیادہ ممکنہ دنوں تک مصروف رہیں اور سیکھتے رہیں۔ شاید اب پہلے سے کہیں زیادہ تھوڑے سے بھی تدریسی وقت سے فرق پڑتا ہے چاہے اس کا مطلب صرف ایک یا دو دن ہی ہو۔

اگرچہ ہم اسکول بند ہونے کی مدت کے دوران تدریسی وقت کی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن ایک چلینج جو بہت سے اہل خانہ کو درپیش ہے وہ یہ ہے کہ، ہمارے ڈیجیٹل طور پر مربوط دور میں بھی، کچھ طلباء کو انٹرنیٹ یا لرن ایٹ ہوم تک رسائی حاصل کرنے کی ٹیکنالوجی حاصل نہیں ہے۔

مجھے آپ کو یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ حکومت اونٹاریو راجرز کمیونیکیشنز اور ایپل کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تاکہ COVID-19 کی وبا کے دوران طلباء اور اہل خانہ کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔ آج تک، 21,000 سے زیادہ آئی پیڈ ڈیوائسز، جو مفت راجرز LTE وائر لیس ڈیٹا سے پہلے سے ہی لیس ہیں، خریدی جا چکی ہیں اور اسکول بورڈ کے ذریعہ ضرورت مند اہل خانہ

.../صفحہ3

میں تقسیم کی جا چکی ہیں، ساتھ ہی 75 ملین ڈالر سے زیادہ گرانٹس فار اسٹوڈنٹ نیڈس کے ذریعہ صوبائی حکومت کی طرف سے فراہم کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ، ایپل تدریس اور گھر سے کام کرنے میں مدد کرنے کے لیے وسائل کے ایک مجموعہ کے ساتھ اساتذہ، والدین اور طلباء کو فرانسیسی اور انگریزی زبان میں جاری مدد فراہم کر رہا ہے۔ یہ 21,000 ڈیوائسز ان 200,000 کمپیوٹرز اور ٹیبلٹس کے علاوہ ہیں جو اسکول بورڈ نے اس مدت کے دوران ضرورت مند طلباء کو فراہم کیے ہیں۔

راجرز اونٹاریو اسکول بورڈ کے ساتھ مل کر بھی کام کر رہا ہے تاکہ وہ پورے اونٹاریو کے سبسڈی یافتہ کرایہ داروں اور رہائشی شراکت داروں کے ارکان کو اپنے کنیکٹیڈ فار سکسیز پروگرام، اور حکومت کینیڈا کے کنیکٹنگ فیملیز پہل کے ذریعہ تیز رفتار، کم لاگت والا انٹرنیٹ مہیا کر سکے۔

اس طرح کی شراکتیں – اسکول بورڈ اور راجرز کمیونیکیشنز اور ایپل جیسی ٹیکنالوجی کی کمپنیوں کے ساتھ – واقعی میں اونٹاریو کی روح کو ظاہر کرتی ہیں۔

اگرچہ ہم موجودہ تعلیمی سال میں طلبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہیں، لیکن ہماری حکومت نے پہلے ہی 2020-2021 کے تعلیمی سال کے لیے منصوبہ بندی شروع کر دی ہے۔ اگرچہ یہ تعلیمی سال یقینا ہمارے ذریعہ دیکھے گئے کسی بھی چیز سے برعکس تھا، لیکن ہمیں خود کو اس حقیقت کے لیے تیار کرنے کی ضرورت ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ستمبر میں اسکول ایسا ہی نظر نہ آئے یا ایسا ہی محسوس نہ ہو۔

ہمارے رہنما اصول کے طور پر آپ کے بچوں کی سلامتی اور فلاح وبہبود کے ساتھ، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اسکول، بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز، اور اسکول بسوں کی زبردست صفائی کرنے کی ضرورت ہوگی قبل اس کے کہ وہ طلباء اور ابتدائی متعلمین کی ان کے جسمانی جگہوں میں خیر مقدم کرنے کے لیے تیار ہو سکیں۔ اس طویل بندی کے بعد رابطے سے انتہائی کم سے کم خطرہ ہونے کے باوجود ہم چاہتے ہیں کہ اسکول واپس آنے کے بعد ہر طالب علم محفوظ اور پراعتماد محسوس کرے۔

ہدایات کے لحاظ سے، ہم موسم گرما کے ایک وسیع شدہ تدریسی پروگرام کے لیے اپنا مجوزہ منصوبہ ظاہر کریں گے جو طلباء کو موسم گرما میں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے قابل بنائیں گے، اگر وہ چاہیں گے۔ اگرچہ عام طور پر گرمیوں کی تعلیم میں 100,000 سے زیادہ طلباء حصہ لیتے ہیں، لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا ہو سکتا ہے کہ اس سال کے باضابطہ اختتام کے بعد بہت سارے طلباء اساتذہ کی زیر قیادت تعلیم کو جاری رکھنا چاہیں۔ موسم گرما کی توسیع شدہ تدریس کے اس مجوزہ منصوبے میں کریڈٹ پر توجہ دی جائے گی، جو کہ کورسز کو اپ گریڈ کرنے، فرق کو ختم کرنے والے پروگراموں پر توجہ دینے اور کمزور طلباء کو مدد کرنے کا ایک نیا آپشن ہے۔

ہماری حکومت سمجھتی ہے کہ COVID-19 وبا بچوں کے لیے پریشان کن اوقات کا سبب بنی ہے۔ ہمیں تمام طلباء کی جذباتی اور ذہنی صحت کی ضروریات پر زبردست توجہ دینی چاہئے، اگرچہ تکلیف کی کوئی فوری علامات نظر نہ آ رہی ہوں۔

اس مقصد کی خاطر، ہماری حکومت نے اسکول بورڈز کو یہ یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے کہ ذہنی صحت سے متعلق کارکن اور پیشہ ور عملہ ضرورت پڑنے پر محفوظ اور پرامن بات چیت کے ساتھ فوری طور پر طلباء سے رابطہ کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ کو معلوم ہو کہ بہت ساری ایسی تنظیمیں ہیں جو ذہنی صحت کے خدشات اور پریشانی کے شکار بچوں کے لیے اہم مدد فراہم کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، کڈز ہیلپ فون نامی تنظیم صوبے بھر میں 7/24 مشاورت اور ریفرل کی خدمات فراہم کرتی ہے۔ اس مفت خدمت کو استعمال کرنے کے لیے، بچے 1-800-668-6868 پر کال کر سکتے ہیں یاCONNECT لکھ کر 686868 پر ٹیکسٹ کر سکتے ہیں۔

.../صفحہ4

کم از کم 6 مئی 2020 تک بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز اور ارلی آن چائلڈ اینڈ فیملی پروگرامز بند رہیں گے۔ میں آپ کو یقین دلا سکتا ہوں کہ آپ کے بچوں کی صحت اور سلامتی اس وقت سب سے اہم ہوگی جب ہم دوبارہ کھولنے کے بارے میں فیصلہ کریں گے اور ہم اونٹاریو کی وبا کے رد عمل اور بازیابی کے منصوبے کی حمایت کرتے ہیں۔

میں ان اساتذہ اور تعلیم کے کارکنوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو ان نئے حالات کے مطابق خود کو ڈھالتے رہے ہیں اور ہمارے طلباء کو تعلیم اور مدد فراہم کرنے کی پوری کوشش کرتے رہے ہیں۔ حالانکہ ہم اس بات کی ضمانت نہیں دے سکتے ہیں کہ ہمارے بچوں کی دیکھ بھال اور تعلیم کے نظام میں "نیا معمول" کیسے نظر آئے گا، لیکن میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں؛ ایسا کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا جو مندرجہ ذیل سوال کا "ہاں" میں جواب نہ دے: کیا یہ ہمارے بچوں اور طلباء کی صحت، سلامتی، اور فلاح وبہبود کو فروغ دیتا ہے؟

بلاشبہ کوئی سوال — اور کوئی جواب — زیادہ اہم نہیں ہے۔

محفوظ رہیں،



معزز اسٹیفن لیسی
وزیر تعلیم